© rasailojaraid.com



اور حق یہ ہے کہ ظروف و احوال کے مطابق حق ادا کر دیا۔

بستان المحدثین میں حدیث کی ۹۶ اہم کتابوں کا تعارف اور ایک سو محدثین کے جامعیت کے ساتھ مختصر حالات ہیں بلکہ ضمناً بعض ایسے تاریخی اور علمی فوائد آگئے ہیں، جو بڑی بڑی کتابوں میں بھی آسانی سے نہیں مل سکتے، اصل کتاب فارسی میں ہے۔ جو متعدد دفعہ طبع ہونے کے باوجود سالہاسال سے نایاب ہے جس کی تلاش میں شائقین عرصے سے سرگرداں ہیں۔

عرصہ ہوا مولانا عبد السمیع صاحب دیوبندی نے عام لوگوں کے لئے بعض مختصر قیمتی فوائد کیساتھ اسکو اردو کا لباس پہنا دیا تھا مگر ایک عرصہ سے یہ ترجمہ بھی نہیں مل رہا تھا۔ کارپردازان کارخانہ تجارت اصحاب علم و ذوق کے شکریے کے مستحق ہیں۔ کہ انہوں نے بستان المحدثین اردو کو نئے قالب میں ڈھال کر اعلیٰ طباعت کے ساتھ پیش کر دیا ہے، حق تعالیٰ اجر لئے خیر دے جو ایک بڑی ضرورت پوری کر دی گئی۔

عام طور پر اس قسم کے معلومات کی ہمارے مدارس میں کمی ہوتی ہے۔ ہماری رائے میں ہر عربی مدرسہ میں اس کتاب کا کم ازکم ایک ایک نسخہ ہونا ضروری ہے۔ اور حدیث کے ہر طالب علم کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کی خدمت میں ہم عرض کریں گے کہ وہ اصل کتاب کو بھی نئے طریقے سے ایڈٹ کر کے شائع کر دیں تو بڑی خدمت ہوگی۔

**جمع البراہین لرفع الصوت بآمین** | مصنفہ حافظ عنایت اللہ صاحب وزیر آبادی تقطیع $\frac{20 \times 26}{8}$ صفحات ۵۸ قیمت ۸ ر کتابت کاغذ اچھے طباعت گوارا

شائع کردہ:۔ آئی، اڈی۔ لون اینڈ سنز رجسٹرڈ راولپنڈی صدر

یہ رسالہ نماز میں آمین بالجہر کے اثبات میں ہے۔ اس موضوع پر اب تک سینکڑوں رسائل و مباحث لکھے جا چکے ہیں۔ لیکن مکرم حافظ عنایت اللہ صاحب کی جدت پسند طباعی نے مسئلہ کے تحقیق کا نیا اسلوب اختیار کیا ہے جس میں بعض چیزیں خوب ہیں۔

اگرچہ ہمارے بھائیوں میں آمین بالجہر کے خلاف وہ شدت باقی نہیں رہی۔ تاہم بعض جدل پسندوں کو جب مناظرہ کی ہوک اٹھتی ہے تو کسی نہ کسی طرح الجھنے کا سامان پیدا کر لیتے ہیں۔ حافظ صاحب موصوف کو ایک ایسے صاحب سے سابقہ پڑا تو انہیں رسالہ رکھنے کی ضرورت محسوس ہوئی، انداز تحریر سنجیدہ اور علمی ہے اس مسئلہ کی تحقیق سے دلچسپی رکھنے والوں کو اس سے استفادہ کرنا چاہیئے۔

© rasailojaraid.com